Te Korowai Whetū
Social Cohesion

# لوکل گورنمنٹ مدد کے لئے کیا کر سکتی ہے؟

## Social Cohesion Guide for Local Government

آرٹس، میڈیا اور کھیلوں کے ذریعے اپنائیت

## مقامی حکومت میں اپنائیت

مقامی حکومت مقامی کیمونٹیوں کی نمائندگی کرتی ہے اور لوگوں کو یہ احساس دلانے میں مدد دیتی ہے کہ وہ یہاں سے تعلق رکھتے ہیں، وہ سب معاملات میں شامل ہیں، انہیں خود کو بدلنے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ معاشرے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مقامی کونسلیں رہائشیوں کے ساتھ مقامی مسائل پر براہ راست کام کرتی ہیں، جن میں مخصوص کمیونٹی سپورٹ پروگراموں کے ذریعے کمیونٹی کی زیر قیادت حل شامل ہیں۔ ان پروگراموں میں درج ذیل معاونت شامل ہو سکتی ہے:

- ہاؤسنگ، بے گھر ہونا
- معذور رہائشیوں کے لئے رسائی
- کمیونٹی سنٹرز
- رضاکارانہ خدمات
- کمیونٹی کی حفاظت
- متنوع Māori، پیسفک افراد، معمر شہریوں، نوجوانوں، مذاہب پر مشتمل کمیونٹیاں
- آرٹ اور ثقافت

آپ جس بھی کمیونٹی میں ہیں - چاہے وہ آپ کی گلی ہو، آپ کا پڑوس ہو، کلب ہو، پیشہ ورانہ انجمن ہو، اسکول ہو، عبادت گاہ ہو یا ثقافتی گروپ ہو- اپنائیت، معاملات میں شمولیت، خود کو بدلنے کی ضرورت محسوس نہ کرنے اور کسی چیز کا حصہ ہونے کا احساس اچھا لگتا ہے۔

ہم سب مختلف ہیں لیکن ہم ساتھ مل جل کر رہنا چاہتے ہیں، اپنے تنوع کا جشن منانا چاہتے ہیں اور جب ہم اختلاف کریں تو دوسروں کا احترام کرنا چاہتے ہیں۔ یہ اہم ہے کیونکہ ہر کوئی یہ محسوس نہیں کرتا کہ وہ اپنی پسند کی شناخت رکھ سکتا ہے یا ہر کسی کو یہ بھروسہ نہیں ہوتا کہ اس کی آواز سنی جائے گی۔

ہم بہت سی مختلف کمیونٹیوں کے ساتھ ایک بڑھتا ہوا متنوع ملک ہیں اور ہمیں ایک دوسرے کی بات سننے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کے طریقے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم اپنے اختلافات اور طاقتوں کو سمجھنے اور اس چیز پر کام کرنے کا عہد کرنا چاہتے ہیں جو ہمیں متحد کرے اور جو ہمیں قریب لائے۔

اپنائیت

## - یہ کیسی نظر آتی ہے

ایک مل جل کر رہنے والے معاشرے میں لوگ ایک دوسرے کو جانتے ہیں، اپنے پڑوسیوں کو جانتے ہیں، اپنے کام کی جگہ پر خود کو شامل محسوس کرتے ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ جب ضرورت ہو تو مدد حاصل کرنے کے لئے کہاں جانا ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم ان لوگوں سے بات کرنے کے قابل ہیں جن سے ہم عام طور پر بات نہیں کرتے، جب ہم لوگوں کو امتیازی باتیں کرتے ہوئے سنتے ہیں تو ہم بول اٹھتے ہیں اور ہم بلا جھجک یہ بتانے کے قابل ہوتے ہیں کہ ہم کون ہیں، ہم کہاں سے ہیں اور ہم مختلف کام کس طرح کرتے ہیں۔ بحران کے دوران ہم کسی کو تنہا نہیں چھوڑتے - ہر کوئی اپنا ہے۔

اپنائیت میں مزید بڑھوتری

## اپنائیت میں مزید بڑھوتری

**چنانچہ ہم زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اپنائیت محسوس کرنے، تنوّع اپنانے، حصہ لینے، دوسروں پر بھروسہ کرنے اور جڑا ہوا اور باعزت محسوس کرنے میں مدد دینے کے لئے لوکل گورنمنٹ میں کیا کر سکتے ہیں؟**

### اپنائیت، دوسروں پر بھروسہ

- مقامی سطح پر لوگوں کے اپنائیت کے احساس میں ان کی مدد کرنے کے لئے Iwi اور pan-Māori تنظیموں اور این جی اوز کے تعاون سے مقامی قیادت کے تحت طریقۂ کار تخلیق دیں۔
- اعتماد اور تعلقات قائم کرنے کے لئے کمیونٹیوں کے ساتھ ان کی جگہوں پر ان کے لیے موزوں اوقات میں ملنے کے لیے وقت نکالیں:

— مثال کے طور پر آکلینڈ کونسل میں Southern Initiative جنوبی آکلینڈ میں سماجی اور معاشی چیلنجوں کا حل تلاش کرنے کے لیے مقامی کونسل کے عملے، خاندانوں، کمیونٹیوں، این جی اوز اور کاروباری اداروں کو متحد کرتا ہے۔

### تنوّع کو اپنانا، باعزت محسوس کرنا

- عملے کے لئے جامع قیادت اور ثقافتی اہلیت کی تربیت کی حوصلہ افزائی کریں اور کمیونٹیوں کو ایک دوسرے سے جڑنے کے لئے قابل رسائی کمیونٹی جگہیں فراہم کریں۔ مثالوں میں یہ شامل ہیں:

— امیگریشن نیوزی لینڈ کے Welcoming Communities پروگرام میں شمولیت

— Taituarā (سابقہ سوسائٹی آف لوکل گورنمنٹ منیجرز) کے تنوع اور شمولیت کی اہلیت کی تعمیر کے پروگرام 'Leap' کا استعمال۔

— Taituarā کی Community Wellbeing Data Service استعمال کرتے ہوئے اپنی کمیونٹی میں فلاح و بہبود کی موجودہ صورتحال کو سمجھنا اور اس میں بہتری کے لیے یہ پتہ چلانا کہ آپ کو اپنی کوششیں کہاں مرکوز کرنی چاہئیں۔

جڑا ہوا محسوس کرنا

# متنوع گروپوں کو ترغیب دیں کہ وہ درج ذیل کی فراہمی کے لیے مل کر کام کریں:

- کمیونٹی تقریبات کے لئے قابل رسائی گرانٹ فنڈنگ جس میں رپورٹنگ کے موزوں تقاضے ہوں
- کمیونٹی سینٹر مفت یا رعایتی کرائے پر حاصل کرنے کی خدمات
- مفت کمیونٹی تقریبات
- محلے اور کمیونٹیوں کے لئے Neighbourhood Day تقریبات منعقد کرنے کے سلسلے میں مالی معاونت یا مفت جگہ۔

## شرکت کرنا

- لوگوں کے لئے موزوں اوقات میں (کام کے دنوں میں شام 5 بجے کے بعد، اور ہفتے یا اتوار کو) آسان اور قابل رسائی مشاورتی تقریبات منعقد کریں، 'مشکل رسائی' رکھنے والی کمیونٹیوں سے رابطہ کریں، فیصلہ سازی میں Māori نمائندگی کو مستحکم کریں اور انتخابات سے قبل مفت شہری تعلیم ورکشاپس فراہم کرنایا شہری تعلیم کے لئے زیادہ وسیع پیمانے پر مالی اعانت فراہم کریں۔
- social cohesion کے لئے مقامی حکومت کے طویل مدتی منصوبے کی تیاری کے بارے میں ویک اینڈ ڈراپ ان سیشن منعقد کریں۔
- Te Reo Māori، Aotearoa نیوزی لینڈ اور Te Tiriti o Waitangi کی تاریخ کے بارے میں مزید سیکھنے کے لیے مفت آن لائن ایپس استعمال کریں جیسے Kōrerorero, Kupu اور Ako Tahi یا Te Wānanga o Aotearoa کے ذریعے کسی کورس کے لیے سائن اپ کریں، اپنے مقامی میوزیم میں تاریخ سے متعلق نمائشوں کا دورہ کریں یا اپنی مقامی لائبریری سے نیوزی لینڈ کی تاریخ کے بارے میں کتابیں مستعار لیں۔
- کسی ایسے شخص کے ساتھ جرات مندی سے بات چیت کریں جو امتیازی طرز عمل کا مظاہرہ کر رہا ہو۔ انسانی حقوق کمیشن کی ویب سائٹ پر موجود وسائل مددگار ثابت ہو سکتے ہیں، جیسے نسل پرستی کا جواب دینا۔
- عملے اور دیگر نمائندوں کے لئے تربیتی اقدامات پر نظر ڈالیں۔
- گرانٹس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے یا Community-Led Development Programme کے ذریعے اپنے کمیونٹی پروجیکٹ، COGS یا لاٹریوں کے لیے مالی معاونت حاصل کرنے کی غرض سے سرکاری اداروں کو فنڈنگ کے لیے درخواستیں دیں۔

Te Korowai Whetū Social Cohesion